اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ وَالْأَرْبَعُوْنَ-43

1۔عَدَد و مَعْدُوْد

2۔ اَنْوَاعُ الاَعْدَاد

1)اَعْدَادِ مُفْرِدَة 2)اَعْدَادِ مُرَكِّبَة 3) اَلْفاظ عُقُود 4)اَعْدَادِ مَعْطُوفه

3۔ قواعد، عَدَد ، مَعْدُوْد۔ 3-10

- وَاحِد و اِثْنَانِ۔1،2
- تین سے دس۔ 3-10
- چارٹ دو

Dar Ul Imaan Institute

1۔عَدَد و مَعْدُوْد (Number and Counted)

عَدَد (Number) گِنتی، مقدار

عَدَد۔ گننا، شمار کرنا۔ جمع ۔ اَعْدَاد

مَعْدُوْد (Counted Noun)

وہ چیز جسے گنا جائے۔

جیسے : عدد معدود

لَرْبَعَةِ ↓ اَيَّامٍ (فُصِّلَت:10)

• اَسْمَائے اَعْدَاد مَعْرفة ہی کی قسم ہیں۔

اَنْوَاعُ الاَعْدَاد

•عَدَد کی چار بنیادی اَنْوَاع ہیں۔

1) اَعْدَادِ مُفْرِدَة 2) اَعْدَادِ مُرَكِّبَة

3) اَلْفاظ عُقُود 4) اَعْدَادِ مَعْطُوف

1) اَعْدَادِ مُفْرِدَة

مُفْرَد۔فَرد۔ ایک ،تنہا

1) مراد ایک لفظی عدد ہے وہ واحد الفاظ جو ایک ہی کلمے پر مشتمل ہوں۔

2)ایک سے دس تک کی گنتی شامل۔1-----10

اِلٰهٌ وَّاحِدٌ (الانعام: 19)

3) مِئَةٌ ۔ سو ۔ 100

فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ (البقرۃ:259)

4) اَلْفٌ ۔ ھزار ۔ 1000

يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ اَ لْفَ سَنَةٍ (البقرۃ:96)

- سَو اور ہزار کے تثنیہ بھی شامل۔

2) اَعْدَاد مُرَكِّبَه

- وہ" اَعْدَاد "جو دو لفظوں کو ملا کر مرکب بنائے گئے ہوں۔اور ان کے درمیان حرف عطف "واؤ"موجود نہ ہو۔
- گیارہ سے انیس تک کی گنتی شامل۔11-19

جیسے: أَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا (یوسف:4)

3) الفاظِ عُقُوْد (Double Digits Or Numbers in Tens) دہائیاں

عقد۔ گرہ لگانا ، جمع۔ عُقُوْد

Dar Ul Imaan Institute

• پرانے زمانے میں دس، بیس، تیس پر انگلیوں کو موڑ کر گرہ کی شکل بنائی جاتی تھی۔ جیسے "عَقَد اَنَامِل" انگلیوں سے حساب کرنا کہتے تھے۔اس لیے ان اعداد کو " عُقُوْد" کا نام دیا گیا۔

بیس سے نوّے تک کی دہائیاں ہیں۔ جیسے :

عِشْرُوْنَ ، ثَلَاثُوْنَ ، اَرْبَعُوْنَ ، خَمْسُوْنَ ------ تِسْعُوْنَ

20 ، 30 ، 40 ، 50 ------ 90

جیسے: إِن يَكُن مِّنكُمْ عِشْرُونَ صَٰبِرُونَ (الانفال:65)

وَحَمْلُهُۥ وَفِصَٰلُهُۥ ثَلَٰثُونَ شَهْرًا (الاحقاف:15)

4) اَعْدَادِ مَعْطُوْفَه

وہ " اَعْدَاد" جو دو عددوں کے درمیان حرف عطف " و " (اور) لگا کر بنائے جاتے ہیں " اَعْدَادِ مَعْطُوْفَه " کہلاتے ہیں۔ عربی زبان میں 21 سے لیکر 99 تک کی گنتی (سوائے دہائیوں یعنی 20، 30، 40 وغیرہ ---- 90 تک) " اَعْدَادِ مَعْطُوْفَه " کہلاتی ہے۔

جیسے: 1) عدد 99 - تِسْعٌ وَ تِسْعُونَ

إِنَّ هَٰذَآ أَخِى لَهُۥ تِسْعٌ وَ تِسْعُونَ نَعْجَةً (ص:23)

معطوف علیہ، حرف عطف، معطوف

2) عدد 63 ۔ ثَلَاثٍ وَسِتِّيْنَ

قُبِضَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَ سِتِّيْنَ (صحیح مسلم)

معطوف علیہ، حرف عطف، معطوف

3) عدد 25 ۔ خَمْسٍ وَعِشْرِيْنَ

صَلَاةُ الْجَمَاعَةِ تَفْضُلُ صَلَاةَ الْفَذِّ بِخَمْسٍ وَ عِشْرِيْنَ دَرَجَةً۔ (صحیح بخاری)

معطوف علیہ، حرف عطف، معطوف

1) اَعْدَادِ مُفْرِدَة

آیئے آج ایک سے دس تک گنتی سیکھتے ہیں۔

3۔ قواعد، عَدَد ، مَعْدُوْد ایک تا دس ، 1-10

- عَدَد و مَعْدُوْد میں درج ذیل چیزوں کا خیال رکھیں۔

1) اعرابی حالت

2) تذکیر و تانیث

3) وحدت و جمع

Dar Ul Imaan Institute

وَاحِد و اِثْنَانِ۔1،2

1)ایک اور دو میں عَدَد ، مَعْدُوْد کے بعد آتا ہے اور بطور صفت استعمال ہوتا ہے۔

2)اس میں عدد و معدود، تذکیر و تانیث اور تعداد میں ایک دوسرے کے مطابق ہوتے ہیں۔

وَاحِدٌ (One) ایک ۔

- ایک کے لیے " وَاحِدٌ"استعمال ہوتا ہے۔جیسے:

1) إِلَٰهٌ وَاحِدٌ ۔ایک ہی معبود (البقرہ:163)
معدود مذکر ، عدد مذکر

2) " وَاحِدٌ"کی تانیث "وَاحِدَةٌ" ہے۔جیسے:

أُمَّةً وَاحِدَةً ۔ ایک اُمّت (البقرة:213)
معدود مؤنث ، عدد مؤنث

نَفْسٍ وَّاحِدَةٍ ۔ایک جان۔ (النساء :1)
معدود مؤنث ، عدد مؤنث

3) اہم نکتہ:

عربی زبان میں معدُود ایک یا دو کے لئے الگ سے عدد لانا ضروری نہیں ہوتا۔کیونکہ خود معدُود کے اندر " وَاحِد "اور " اِثْنَان "کے معنی پائے جاتے ہیں جب معدُود کے بعد " وَاحِد "اور

" اِثْنَان "کا عدد لایا جائے تو مقصد تاکید پیدا کرنا ہوتا ہے۔ یا یہ صفت کے طور پہ آتے ہیں۔

طَعَامٍ وَاحِدٍ ۔ ایک ہی کھانا (البقرہ:61)

معدود مذکر ، عدد صفت

بَابٍ وَاحِدٍ (یوسف:67)

معدود عدد ، تاکید

اِثْنَانِ	(Two)	دو

1) دو کے لیے عدد " اِثْنَانِ "اور " اِثْنَيْنِ " یہ معدود اسم کے بعد "صفت" بن کر آئے گا۔

زَوْجَانِ اثْنَانِ

زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ (الرّعد:3)

معدود مذکر ، عدد صفت

2) " زَوْجَانِ " یا " زَوْجَيْنِ " تثنیہ کے صیغہ میں ہی دو کے معنی پائے جاتے ہیں۔ دو جوڑے

جیسے: اِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ (النحل:51)

معدود مذکر ، عدد صفت

اِلٰهَانِ اثْنَانِ

- " اِلٰهَانِ " یا " اِلٰهَيْنِ " دو معبود۔ یہاں بھی دو معنی موجود ہیں۔
- دونوں جگہ " اِثْنَانِ "/" اِثْنَيْنِ "بطور تاکید یا صفت کے آیا ہے۔

3) اِثْنَانِ / اِثْنَيْنِ کی تانیث اِثْنَتَانِ / اِثْنَتَيْنِ ہے۔

جیسے: وَرَقَتَانِ اثْنَتَانِ دو پتّے

وَرَقَتَيْنِ اثْنَتَيْنِ دو پتّے

4) اِثْنَانِ اور اِثْنَيْنِ میں الف " ا " همزةُ الْوصل ہے۔

اگر اس سے پہلے کوئی لفظ نہ آئے تو پڑھا جاتا ہے۔

جیسے: اِثْنَانِ

مگر اپنے سے پہلے آنے والے لفظ سے ملنے کی وجہ سے حذف کر دیا جاتا ہے۔ لکھا تو جاتا ہے مگر پڑھا نہیں جاتا۔

جیسے: اِلٰهَيْنِ اِثْنَيْنِ ۔ دو معبود۔

5) وَاحِد اور اِثْنَانِ کے اِعْداد ، مَعْدُوْد کے بعد میں آتے ہیں۔ جیسے:



کیا آپ نے غور کیا؟؟

وَاحِد اور اِثْنَانِ کے اَعْدَاد ، اِعْرَاب ، تَعْرِيف و تنکیر اور تذکیر و تانیث میں مَعْدُوْد کے مطابق ہوتے ہیں۔

تین سے دس کے اَعْدَاد

1) مَعْدُوْد (Counted) اور عَدَد (Number) ایک دوسرے کے الٹ ہونگے۔

- اگر مَعْدُوْد مذکّر ہوگا تو عَدَد مؤنث ہوگا۔
- اگر مَعْدُوْد مؤنث ہوگا تو عَدَد مذکّر ہوگا۔

2) تین سے دس (3-10) تک کے اَعْدَاد اپنے مَعْدُوْد کی طرف مضاف بن کر آتے ہیں۔ ان کا مَعْدُوْد ہمیشہ جمع ہوگا۔ اور مضاف الیہ ہونے کی وجہ سے مجرور ہوگا۔

3) تین سے دس (3-10) میں عَدَد پہلے اور مَعْدُوْد بعد میں آتا ہے۔ جیسے:

1) ثَلَاثَةُ أَشْهُرٍ - تین مہینے (الطّلاق:4)

2) ثَلَاثَ مَرَّاتٍ - تین مرتبہ (النّور:58)



اِعْرَابِ عَدَد- تین سے دس

1) عَدَد کی اِعْرَابِی حالت جملے میں موقع کے اعتبار سے ہوتی ہے۔

2) اصلاً عَدَد کی اِعْرَابِی حالت "مرفوع" ہوتی ہے۔ جیسے:

لَهَا سَبْعَةُ أَبْوَابٍ ۔ اس کے سات دروازے۔ (الحجر:44)



3) عَدَد اگر مفعول ہو تو منصوب ہوتا ہے۔ جیسے:

وَقَالَ ٱلْمَلِكُ إِنِّىٓ أَرَىٰ سَبْعَ بَقَرَٰتٍ (یوسف:43)

اور بادشاہ نے کہا بے شک میں نے (خواب میں) دیکھا ہے کہ سات موٹی گائے۔



4) اگر عَدَد سے پہلے حرف جرّ ہو تو یہ "مجرور" ہوتا ہے۔ جیسے:

اَلَّذِی خَلَقَ اَلسَّمٰوٰتِ وَاَلْأَرْضَ فِی سِتَّةِ أَيَّامٍ (الاعراف:54)

وہ جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا۔



Dar Ul Imaan Institute

چارٹ

وَاحِد و اِثْنَانِ

تذکیر و تانیث میں باہم مطابقت

اَعْدَادِ مُذَکَّر	مُذَکَّر مَعْدُوْد عَدَد	اَعْدَاد گنتی اردو		اَعْدَاد مُؤنث	مُؤنث مَعْدُوْد عَدَد
وَاحِدٌ	اِلٰـهٌ وَّاحِدٌ ایک معبود (النساء171)	1	ایک	وَاحِدَةٌ	نَعْجَةٌ وَّاحِدَةٌ ایک دنبی (ص:23)
اِثْنَانِ اِثْنَيْنِ	رُجُلَانِ اثْنَانِ دو مرد	2	دو	اِثْنَتَانِ اِثْنَتَيْنِ	اَمْرَاتَانِ اثْنَتَانِ دو عورتیں

Dar Ul Imaan Institute

چارٹ

تین سے دس ۔ تذکیروتانیث میں عدم مطابقت

مؤنث اَعْدَاد	عَدَد مَعْدُوْد		سادہ اَعْدَاد			مذکّر اَعْدَاد	عَدَد مَعْدُوْد	
الفاظ میں	مؤنث جمع مذکّر		انگریزی	اردو	عربی	الفاظ میں	مذکر جمع مؤنث	
ثَلَاثَةٌ	ثَلَاثَةُ قُرُوْءٍ تین حیض (البقرہ:228)		3	٣	٣	ثَلَاثٌ	ثَلَاثُ عَوْرَاتٍ تین عورتیں (النّور:58)	
اَرْبَعَةٌ	اَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ چار مہینے (البقرہ:226)		4	٤	٤	اَرْبَعٌ	اَرْبَعُ شَهَادَتٍ چار مرتبہ قسم (النّور:6)	
خَمْسَةٌ	خَمْسَةُ كُتُبٍ پانچ کتابیں(الکھف:22)		5	٥	٥	خَمْسٌ	خَمْسُ بُيُوْتٍ پانچ گھر (النّور:36)	
سِتَّةٌ	سِتَّةِ اَيَّامٍ چھ دن (الاعراف:54)		6	٦	٦	سِتٌّ	سِتُّ مُعَلِّمَاتٍ چھ استانیاں	
سَبْعَةٌ	سَبْعَةُ اَبْحُرٍ سات سمندر (لقمان:27)		7	٧	٧	سَبْعٌ	سَبْعَ سَمٰوٰتٍ سات آسمان (البقرہ:29)	
ثَمَانِيَةٌ	ثَمَانِيَةَ اَزْوَاجٍ آٹھ نر وماده (الانعام:143)		8	٨	٨	ثَمَانٌ ثَمَانِيْ	ثَمَانِيَ حِجَجٍ آٹھ سال (القصص:27)	
تِسْعَةٌ	تِسْعَةُ رَهْطٍ نو سردار(النمل:48)		9	٩	٩	تِسْعٌ	تِسْعَ اٰيَاتٍ نشانیاں(بنی اسرائیل:161)	
عَشَرَةٌ	عَشَرَةِ مَسَاكِيْنَ دس مسکین (المائدہ:89)		10	١٠	١٠	عَشْرٌ	عَشْرُ اَمْثَالٍ دس گنا (الانعام:160)	

Dar Ul Imaan Institute

خُلاصَةُ الْقَوَعِد

1)عربی میں گنتی کو" عَدَد"اور جو چیز گنی جائے اسے "مَعْدُوْد" کہتے ہیں۔

2) "واحد"اور "اثنان" کا عَدَد ہمیشہ مَعْدُوْد کے بعد میں آتا ہے اور مختلف حیثیتوں میں اس کے مطابق ہی ہوتا ہے۔

3)مَعْدُوْد اگر واحد ہو اور اس پر تنوین ٌ ً ٍ ہو۔

یا

مَعْدُوْد تثنیہ کی شکل میں ہو تو یہ عَدَد کو ظاہر کرنے کے لیے کافی ہے۔

4) تین سے دس تک کے اَعْداد، مَعْدُوْد سے پہلے آتے ہیں۔

5) یہ مَعْدُوْد اور عَدَد جنس کے معاملے میں ایک دوسرے کے اُلٹ ہوتے ہیں۔

6)اَعْدَاد مُضاف اور مَعْدُوْد مُضاف الیہ بن کر آتا ہے۔

7)مَعْدُوْد ہمیشہ جمع اور مجرور ہوتا ہے۔

8)عَدد کی اِعْرَابی حالت جُملے میں موقع کی مناسبت سے بدلتی رہتی ہے۔

9)عدد کی چار بڑی اقسام ہیں

1)اَعْدَادِ مُفْرِدَة 2)اَعْدَادِ مُرَكِّبَة 3) اَلْفاظ عُقُود 4)اَعْدَادِ مَعْطُوفه